A

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

1010

## അർദ്ധ വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022 - 23

ക്ലാസ്: X

## ഉർദു

സമയം : 1½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

**നിർദ്ദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ **3x1=3**

1 عالمی یومِ یوگا کب منایا جاتا ہے؟ [۵/جون، ۱/مئی، ۲۱/جون] 1

2 "کابلی والا" کس کی کہانی ہے؟ 1

[پریم چند، لیو ٹالسٹائی، رابندر ناتھ ٹیگور]

3 1

یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی
مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

اس کا شاعر کون ہے؟ چن کر لکھیے۔ [ سدرشن فاخر، علامہ اقبال، نظیر اکبر آبادی ]

4 صحیح جملہ کون سا ہے؟ چن کر لکھیے۔ 1

a) میں ایک محنتی کسان ہوں۔ b) میں ایک محنتی کسان ہیں۔

c) میں ایک محنتی کسان ہے۔

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ **3x2=6**

5 مناسب لفاظ کی مدد سے خانہ پورا کیجیے۔ (کہانی، نظم، آپ بیتی)

| | | |
|---|---|---|
| محنت رنگ لائی | .......................... | لکشمی |
| کھجری کے سائے میں | .......................... | امرتا دیوی |

6 اشعار غور سے پڑھیے۔ان میں سے مزدوروں کی اہمیت پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

b) ان ہاتھوں کی تعظیم کرو ان ہاتھوں کی تکریم کرو
دنیا کو چلانے والے ہیں ان ہاتھوں کی تسلیم کرو

c) نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

7 نیچے چند ادیبوں کے نام ہیں۔ان میں سے مشہور شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[ندا فاضلی، عبد الحلیم شرر، علی سردار جعفری، سر سید احمد خان]

8 جملے غور سے پڑھیے۔ان میں سے کردار 'شنکر' سے تعلق رکھنے والے جملے چن کر لکھیے۔ 2

*وہ ایک محنتی کسان ہے۔ *وہ ایک زمیندار ہے۔

*وہ بڑے محل میں رہتا ہے۔ *بیس برس تک اس نے غلامی کی۔

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔** **5x3=15**

9 آج کل لوگ پیڑ کاٹ رہے ہیں۔ فطرت کو بگاڑ رہے ہیں۔ 3

بچو، پیڑ کاٹنے سے کیا کیا مسائل ہوتے ہیں؟ آپ کے گاؤں میں پیڑوں کی حفاظت پر ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے: پیڑ لگائیں گرمی سے نجات پائیں

10 آج کل کھانے پینے کے طور طریقے بالکل بدل چکے ہیں۔دن بہ دن مختلف بیماریاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ 3

بچو، تندرستی قائم رکھنے میں یوگا کا بڑا ہاتھ ہے۔یوگا کرنے سے اور کیا کیا فائدے ملتے ہیں؟

آپ کے خیالات لکھیے۔

11 بچو، عبارت پڑھیے اور مادری یا انگریزی زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 3
کسی گاؤں میں شنکر نامی ایک کسان رہتا تھا۔ سیدھا سادہ غریب آدمی تھا۔ کھانا ملا تو کھالیا نہ ملا تو پانی لیا اور رام کا نام لے کر سو رہا۔

12 3
مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
اس میں شاعر مفلسی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

13 مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کرداروں کے نام جوڑ کر لکھیے۔ 3

[ دادا میاں، شنکر، مچھیرا، پروہت جی ]

| | | |
|---|---|---|
| a | ان داتا! ان مچھلیوں کی قیمت سو کوڑے ہیں۔ | .................... |
| b | آج کل لوگوں نے محنت کرنا چھوڑ دیا اور وہ دوسروں کی محنت کے محتاج بن گئے۔ | .................... |
| c | شنکر، کل آکے اپنے بیج بینک کا حساب کر لے۔ تیرے یہاں ساڑھے پانچ من گیہوں کب سے باقی پڑے ہیں۔ | .................... |

14 'سواسیر گیہوں' کہانی میں کسان شنکر کئی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ 3
بچو، آج کل کے کسان لوگ بھی کئی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ وہ کیا کیا ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

15 عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 3
ایک پہاڑی علاقے میں چھوٹا سا گاؤں تھا۔ اس گاؤں میں ایک مالدار عورت رہتی تھی۔ اس کا نام رحمت بیگم تھا۔ وہ ایک خود غرض اور لالچی عورت تھی۔ اس کے محل کے سامنے ایک غریب بیوہ کی جھونپڑی تھی۔ وہ روزانہ رحمت بیگم کے باغ میں کام کرتی تھی۔

[اشارے: کون، کیا، کہاں، کیوں]

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔** 4x4=16

16 اونچے اونچے پہاڑ، ہرے بھرے کھیت۔ واہ! میرا گاؤں کتنی خوبصورت ہے۔ گاؤں کے حسین نظاروں کی یاد کرتے ہوئے ظفر علی بیٹے عرفان کے ساتھ شہر واپس آیا۔ ظفر علی کو دیکھ کر اس کی بیوی پوچھنے لگی۔ 4

بیوی : ارے میاں، آپ کا سفر کیسا رہا؟

ظفر علی : ..........................

بچو، ظفر علی اور اس کی بیوی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

17 ' عقلمند مچھیرا ' ڈرامے کا اہم کردار مچھیرا ہے۔ وہ دربان کے استحصال کا شکار بن جاتا ہے۔ 4

a) اس ڈرامے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

18 فضا ویران ہے گرمی کی شدت ہے زمانے میں 4

مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) بچو، کھیت کی فضا کیسی ہوتی ہے؟ بیچارے دہقان کھیت میں کیا کر رہا ہے؟ شعر کا مفہوم لکھیے۔

19 چنگم [ചിങ്ങം 1] ایک کو یومِ کسان منایا جاتا ہے۔ آپ کے اسکول میں کسان اور کھیتی باڑی کی اہمیت پر ایک سمینار منعقد ہونے والا ہے۔ پروگرام کا افتتاح ایوارڈ یافتہ کسان راموچاچا کریں گے۔ ہیڈ ماسٹر کشور کمار صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ مقالہ کی پیش کش اسکول لیڈر انور کریں گے۔ 4

بچو، ان اشاروں کی مدد سے سمینار کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔

[اشارے: مقام، تاریخ، صدارت، افتتاح، مقالہ کی پیش کش]

20 وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی 4

وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی

اس شعر میں شاعر مدر ٹریسا کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

a) بچو، یہ کس نظم کا شعر ہے؟

b) شعر کی روشنی میں مدر ٹریسا کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

21 اشاروں کی مدد سے علی سردار جعفری کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | |
|---|---|
| پیدائش | :۱۹۱۳/اتر پردیش کے بلرام پور |
| شہرت | :ترقی پسند شاعر/نقاد اور دانشور |
| گیان پیٹھ ایوارڈ | :۱۹۹۷ میں |
| شعری مجموعے | :نئی دنیا کو سلام، لہو پکارتا ہے، ایک خواب اور |
| انتقال | :۲۰۰۰ کو ممبئی میں |